www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2011**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*6778170455*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جاسکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔
اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (LEO/CGW) 35124/4
© UCLES 2011

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصّہ

**1** *Ghazlein*

### ا۔ غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

لائی حیات ، آئے ، قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے
نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہوتا ہو، وہ ہی ہو
دانش تری نہ کچھ مری دانشوری چلے
دنیا نے کس کا راہِ فنا میں دیا ہے ساتھ
تم بھی چلے چلو یونہی جب تک چلی چلے
جاتے ہوائے شوق میں ہیں اس چمن سے ذوقؔ
اپنی بلا سے بادِ صبا اب کبھی چلے

**(i)** ذوقؔ نے اس غزل میں زندگی کے ایک انتہائی اہم فلسفے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ مندرجہ بالا اشعار کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

**(ii)** مندرجہ بالا غزل ذوقؔ کی مشہور ترین غزلوں میں شمار کی جاتی ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجہ ہوسکتی ہے۔

یا

(ب) ''غالبؔ نے اپنی شاعری میں الفاظ کو کیفیات اور کیفیات کو الفاظ دیے ہیں۔'' تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

## 2 *Nazmein*

## یں

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

تاج تیرے لیے اک مظہرِ الفت ہی سہی
تجھ کو اس وادیٔ رنگیں سے عقیدت ہی سہی
میری محبوب! کہیں اور ملا کر مجھ سے

بزمِ شاہی میں غریبوں کا گزر کیا معنی؟
ثبت جس راہ پہ ہوں سطوتِ شاہی کے نشاں
اس پہ الفت بھری روحوں کا سفر کیا معنی؟

میری محبوب! پسِ پردۂ تشہیرِ وفا
تو نے سطوت کے نشانوں کو تو دیکھا ہوتا
مردہ شاہوں کے مقابر سے بہلنے والی
اپنے تاریک مکانوں کو تو دیکھا ہوتا

ان گنت لوگوں نے دنیا میں محبت کی ہے
کون کہتا ہے کہ صادق نہ تھے جذبے ان کے
لیکن ان کے لیے تشہیر کا سامان نہیں
کیونکہ وہ لوگ بھی اپنی ہی طرح مفلس تھے

**(i)** مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** اس نظم میں ساحؔر کے باغیانہ انداز سے آپ کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ’’ نظیؔر اکبر آبادی کی شاعری آج بھی اردو نظم نگاری کا شہکار سمجھی جاتی ہے۔‘‘ تبصرہ کیجیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

## 3 *Afsané*

## افسانے

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

اس علاقے میں جہاں تھوڑے ہی دن پہلے ہُو کا عالم تھا، اب ہر طرف گہما گہمی اور چہل پہل نظر آنے لگی۔ شروع میں اس علاقے کی ویرانی سے ان بیسواؤں کو یہاں آ کر رہنے کے خیال سے جو وحشت ہوتی تھی وہ بڑی حد تک جاتی رہی تھی اور اب وہ ہر مرتبہ خوش خوش اپنے مکانوں کی آرائش اور اپنے مرغوب رنگوں کے متعلق معماروں کو تاکیدیں کر جاتی تھیں۔

**(i)** نیا شہر بسانے کی وجوہات پر روشنی ڈالیے۔

**(ii)** اس افسانے میں معاشرے کو اخلاقی برائیوں سے پاک کرنے کے طریقۂ کار کے بارے میں مصنف کے انداز بیان پر تفصیلی تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''برصغیر کی تقسیم دلوں اور محبتوں کی تقسیم تھی۔'' افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) ’’ناول ’’امراؤ جان ادا‘‘ میں ہماری نظر باعصمت زندگی سے کہیں دوچار نہیں ہوتی۔‘‘ بحث کیجیے۔

یا

(ب) ’’ امراؤ جان ادا کے مقابلے میں بسم اللہ کا کردار حقیقت سے زیادہ قریب ہے۔‘‘ اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

[25]

**5** *Aangan*, Khadijah Mastoor

### ۵۔آنگن، خدیجہ مستور

(الف) بڑے چچا کے کردار کے کس پہلو نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے اور کیوں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

یا

(ب) ’’یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ’’ آنگن‘‘ عالیہ کی پریشانیوں کی کہانی ہے۔‘‘ آپ کی رائے میں یہ بات کس حد تک درست ہے؟

[25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ٦۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) ’’ پورے ڈرامے میں اکبر کا اصل مقصد سلیم کا مستقبل سنوارنا تھا۔‘‘ یہ بیان کس حد تک درست ہے؟

یا

(ب) ’’ڈرامہ انارکلی میں دلآرام کی وجہ سے پڑھنے والے کی دلچسپی برقرار رہتی ہے۔‘‘ آپ اس بیان سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

[25]

www.PapaCambridge.com

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of